علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبۂ اردو)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالبعلم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد چوری'' کی Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: (تاریخِ ادبِ اردو۔۲) 5602 سمسٹر: بہار 2026ء

سطح: ایم اے (اردو)

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

امتحانی مشق نمبر ا

(یونٹ نمبر: 1 تا 4)

سوال نمبر ا۔ عادل شاہی دور میں علم پروری کے باعث شاعری کو فروغ ملا۔ اس دور میں ہونے والی شاعری کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔ 20

سوال نمبر ۲۔ ولی دکنی کے اردو شاعری پر اثرات کا تاریخی جائزہ پیش کریں۔ 20

سوال نمبر ۳۔ ایہام گوئی سے کیا مراد ہے؟ اہم ایہام گو شعرا کی شاعری کا جائزہ لیں۔ 20

سوال نمبر ۴۔ میرزا محمد رفیع سودا اور خواجہ میر درد کے رنگِ سخن کا تقابل کریں۔ 20

سوال نمبر ۵۔ میر تقی میر کو 'خدائے سخن' کیوں کہا جاتا ہے؟ دلائل سے بات کریں۔ 20

امتحانی مشق نمبر۲

(یونٹ نمبر: 5تا9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر:40

سوال نمبر۱۔ اٹھارویں اور انیسویں صدی کے ان اہم شعرا کے بارے میں لکھیں جن پر لکھنوی رنگ غالب ہے۔ 20

سوال نمبر۲۔ مثنوی کی تعریف کریں، نیز انیسویں صدی کی اہم مثنویوں کا تفصیلی تعارف پیش کریں۔ 20

سوال نمبر۳۔ فسانۂ عجائب، باغ و بہار اور خطوطِ غالب نے اردو نثر کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا۔ وضاحت کریں۔ 20

سوال نمبر۴۔ ادبی تحریک سے کیا مراد ہے؟ اردو میں رومانوی تحریک کے اثرات کا جائزہ پیش کریں۔ 20

سوال نمبر۵۔ ترقی پسند تحریک نے اردو ادب کو ایک نئے ذائقے سے متعارف کرایا۔ مفصل بیان کریں۔ 20